سال سے فلاسفی کے شعبے میں پڑھا رہے ہیں۔ آپ نے دارالعلوم اور طلبا میں بڑی گہری دلچسپی ظاہر کی۔ اور آپ نے اعتراف کیا کہ واقعی مغرب میں صحافی اور میڈیا اسلام کے بارے میں غلط تاثر پھیلا رہے ہیں۔

دیگر معزز واردین :- دیگر واردین میں حضرت مولانا فداالرحمان درخواستی جو حضرت درخواستیؒ کے خلف الرشید ہیں' دو دفعہ دارالعلوم تشریف لائے مولانا اور اساتذہ سے ملاقات کی۔ اسی طرح نئ جہادی تنظیم لشکر محمد کے ایک اہم وفد نے بھی تنظیم کے سربراہ مولانا مسعود اظہر صاحب کی طرف سے مولانا سمیع الحق سے ملاقات کی اور لشکر محمد کے بارے میں تفصیلات سے مولانا کو آگاہ فرمایا۔ اس موقع پر جمعیت علمائے اسلام کے اہم مرکزی رہنما مولانا قاضی عبداللطیف صاحب بھی موجود تھے۔ اسی طرح حضرت مولانا قاری سعد الرحمان صاحب اور حضرت مولانا عبید الرحمان صاحب بھی دارالعلوم تشریف لائے۔

اٹالین ٹیلی ویژن کے عملہ کی دارالعلوم آمد :- ۱۲ اپریل کو اٹلی ٹیلی ویژن کے ڈائریکٹر پولو گریزنی اور ساؤتھ ایشیا کے انسا اٹالین نیوز ایجنسی کے بیورو چیف بن یامین اپنے ساتھیوں سمیت دارالعلوم تشریف لائے اور دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا جائزہ لیا۔ آپ نے مولانا کی غیر موجودگی میں مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ انٹرویو میں دینی مدارس کے نصاب تعلیم' پاکستان کی سیاسی صورتحال' دارالعلوم کی تحریک طالبان اور افغانستان سے وابستگی اور دوسرے عالمی موضوعات پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔

حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب کے صاحبزادے کی شادی خانہ آبادی :- گزشتہ دنوں دارالعلوم کے شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ کے بڑے صاحبزادے حافظ فضل غفور کی شادی کی تقریب منعقد ہوئی۔ شادی کی یہ تقریب انتہائی سادہ اور مسنون طریقے سے ہوئی۔ تقریب نکاح اور دعوت ولیمہ میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سمیت علاقے کے جید علمائے نے بھی شرکت کی۔ ادارہ انکے لئے نیک تمناؤں کا متمنی ہے۔